نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی اب تک کی پیشرفت، ٹائم لائنز اور لانچنگ تقریب کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔

وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کسانوں کے مسائل سے بخوبی واقف ہیں اور ان کو حل کرنے کے لیے دن رات مصروف عمل ہیں۔وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:09اکتوبر2024: صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کی پیشرفت سے متعلق زراعت ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں کسان کارڈ کی ٹائم لائنز اور لانچنگ تقریب کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے اس موقع پر کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کے لیے 10 لاکھ کاشتکاروں کی رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے اور سکروٹنی کے بعد بینک آف پنجاب نے 3 لاکھ 67 ہزار سے زائد کاشتکاروں کی وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کے حصول کے لیے تصدیق کر دی ہے جبکہ اب تک ایک لاکھ 70 ہزار سے زائد کسان کارڈ کاشتکاروں نے وصول کر لیے ہیں۔اس موقع پر صوبائی وزیر کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ پنجاب بھر میں 2500 مرچنٹس (رجسٹرڈ) ڈیلرز کی دوکانوں پر کسان کارڈ کے حوالے سے ضروری معلومات کے بورڈز آویزاں کر دیے گئے ہیں۔صوبائی وزیر زراعت نے اس موقع پر کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کسانوں کے مسائل سے بخوبی واقف ہیں اور ان کو حل کرنے کے لیے دن رات مصروف عمل ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی نے کارڈ کی وصولی کے عمل کو مزید تیز کرنے کی ہدایت کی اور اس ضمن میں اہل کسان کارڈ درخواست گزاروں کے لیے تشہیری مہم کو موثر انداز میں چلانے اور گھر گھر جا کر پیغامات پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا تا کہ 5 لاکھ کارڈ کی ڈیلوری کے ہدف کو حاصل کیا جا سکے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کی فراہمی کے لیے تحصیل کی سطح پر 136 ڈیلوری سنٹرز قائم کئے گئے اور کسان کارڈ کی فراہمی کا عمل کامیابی سے جاری ہے۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے مزید ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ یہ کسان کارڈ 15 اکتوبر سے کاشتکاروں کی خریداری کے لیے آپریشنل ہوں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ سے کاشتکار صوبہ بھر میں 2500 رجسٹرڈ ڈیلرز سے بیج، کھاد و دیگر زرعی مداخل کی خریداری کر سکیں گے علاوہ ازیں کسان کارڈ سے خریداری کے عمل کی باقاعدہ مانیٹرنگ کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔انھوں نے کھاد کی مصنوعی قلت اور سرکاری ریٹ سے زائد قیمت وصول کرنے والے ڈیلرز کے خلاف سخت کارروائی کرنے کے بھی احکامات جاری کئے۔اجلاس میں سپشل سیکرٹری زراعت پنجاب آغا نبیل، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) ڈاکٹر اعجاز منیر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆